© rasailojaraid.com



# مسافرانِ آخرت

**صوفی مولا بخش مرحوم:**

مجلس احرار اسلام کراچی کے صدر محترم صوفی مولا بخش صاحب ۹/ نومبر ۱۹۹۸ء، بروز پیر، ۷۲ برس کی عمر پا کر کراچی میں انتقال کر گئے۔

**شیخ عبدالحی مرحوم:**

مجلس احرارِ اسلام ملتان کے سابق سالار شیخ عبدالحی ۱۳ اکتوبر بروز ہفتہ کو ملتان میں انتقال کر گئے۔ مجلس احرارِ اسلام ملتان کے ناظم نشرواشاعت حسین اختر لدھیانوی کے ہم زلف تھے۔

مجلس احرارِ اسلام چیچہ وطنی کے انتہائی مخلص کارکن محترم رانا قمر الاسلام کے والد ماجد رانا تاج محمد صاحب ستمبر ۱۹۹۸ء، کو چیچہ وطنی میں انتقال کر گئے۔

**عبدالرحمن جامی کو صدمہ:**

مجلس احرار اسلام جلال پور پیروالہ کے صدر محترم عبدالرحمٰن جامی اور جناب قاری عبدالرحیم فاروقی کی نانی صاحبہ ۶. نومبر ۱۹۹۸ء، کو طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔

**جناب عطاء الحق، ضیاء الحق کو صدمہ:**

مبلغِ اسلام حضرت مولانا محمد شفیع رحمہ اللہ (کبیر والہ) کی بہو، حافظ محمد زبیر مرحوم کی بیوہ اور برادران مولوی عطاء الحق اور حافظ ضیاء الحق کی بھاوج ۱۰، نومبر ۱۹۹۸ء، کو کبیر والہ میں رحلت کر گئیں۔

**محمد رمضان مرحوم:**

ملتان میں ہمارے کرم فرما حافظ محمد معاویہ (ایم ایم ادیب) حافظ محمد ابراہیم صاحب، حافظ محمد ابوبکر اور محمد بلال کے بہنوئی جناب محمد رمضان ۷، نومبر ۱۹۹۸ء، کو ملتان میں رحلت فرما گئے۔

**پروفیسر خالد شبیر صاحب کو صدمہ:**

مجلس احرار اسلام کے مرکزی رہنما محترم پروفیسر خالد شبیر احمد صاحب کی والدہ ماجدہ ۱۷/ نومبر کو چنیوٹ میں انتقال فرما گئیں۔

**حکیم ارشاد الحق غوری مرحوم:**

ہمارے نہایت کرم فرما محترم حکیم ارشاد الحق غوری ۲۰، نومبر ۱۹۹۸ء، بروز جمعہ ملتان میں رحلت فرما گئے۔ مرحوم مجلس احرار اسلام کے رکن تھے اور بے پناہ محبت کرنے والے مخلص اور صالح انسان تھے۔ حق

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تعالیٰ مغفرت فرمائے۔

## حضرت مولانا اصغر علی صاحب رحمہ اللہ:

جامعہ خیر المدارس ملتان کے سابق استاد اور سابق منتظم دفتر حضرت مولانا اصغر علی صاحب ۲۰، نومبر ۱۹۹۸ء کو انتقال فرما گئے۔

مرحوم صحیح معنوں میں عالم باعمل تھے اپنے استاد حضرت مولانا خیر محمد جالندھری رحمۃ اللہ علیہ کے مقربین میں سے تھے اور جامعہ خیر المدارس کے وفادار اور قابل اعتماد اساتذہ میں ان کا شمار ہوتا تھا۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے۔

## جام محمد شریف مرحوم:

مجلس احرار اسلام علاقہ ٹب چوبان ضلع رحیم یار خان کے قدیم کارکن محترم جام محمد شریف ۱۹، نومبر ۱۹۹۸ء بروز جمعرات، انتقال کر گئے۔ مرحوم طویل عرصہ سے بیمار تھے۔ وہ جماعت کے سرگرم کارکن مولوی محمد یعقوب صاحب کے چچا تھے اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے۔

مجلس احرار اسلام چیچاوطنی کے کارکن جناب ابومعاویہ عبدالستار خالد (ساکن چک نمبر ۱۳-۱۲-ایل) کی والدہ ماجدہ ۱۱/نومبر کو انتقال کر گئیں۔ ان کی نمازِ جنازہ دارالعلوم ختمِ نبوت کے صدر مدرس قاری محمد قاسم صاحب نے پڑھائی۔

دارالعلوم ختمِ نبوت ہاؤسنگ سکیم چیچاوطنی کے مدرس قاری محمد سلیم صاحب کی والدہ ماجدہ ۲۱/نومبر کو جلہ ارائیں میں انتقال کر گئیں۔

مجلس احرار اسلام لاہور کے رہنما میاں محمد اویس صاحب کی پھوپھی صاحبہ ۲۹/نومبر کو انتقال کر گئیں۔

## حافظ سید محمد معاویہ ہمدانی انتقال کر گئے:

پیر سید محمد اسعد شاہ صاحب ہمدانی (عبدالحکیم) کے جواں سال فرزند حافظ سید محمد معاویہ ہمدانی ۲۶/نومبر ۱۹۹۸ء کو تلمبہ میں ٹریفک کے ایک حادثہ میں انتقال کر گئے۔ مرحوم حضرت پیر سید خورشید احمد شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے پوتے، حضرت سید محمد شفیع شاہ صاحب رحمہ اللہ کے نواسے اور مدیر نقیبِ ختمِ نبوت سید محمد کفیل بخاری کے پھوپھی زاد بھائی تھے۔ مدرسہ عربیہ تلمبہ میں دینی تعلیم حاصل کر رہے تھے۔ مرحوم اپنے بہن بھائیوں میں نہایت صالح انسان تھے۔ اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے (آمین)

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے۔ درجات بلند فرمائے اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطاء فرمائے۔ (آمین) ارکین ادارہ سب کے لئے دعا مغفرت کرتے ہیں اور پسماندگان سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے ان کے لئے صبر کی دعا کرتے ہیں۔ قارئین سے بھی دعاء مغفرت اور ایصالِ ثواب کا اہتمام کرنے کی درخواست ہے (ادارہ)

© rasailojaraid.com